رہبر معظم کا آیت اللہ اشتہاردی کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 9 /Jul/ 2008

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے پغام میں عالم ربانی اور معلم اخلاق آیت اللہ شیخ علی پناہ اشتہاردی کی رحلت پر تعزیت اور تسلیت پیش کی ہے۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عالم ربانی وپرہیزگار ، معلم اخلاق مرحوم آیت اللہ آقای شیخ علی پناہ اشتہاردی کی رحلت کی افسوسناک خبر سن کر کافی درد وغم ہوا ہے مرحوم خداوند متعال کے صالح، نیک اور مہذب بندوں میں شمار ہوتے تھے جو علمی واخلاقی فضائل و کمالات سے آراستہ تھے۔ حوزہ علمیہ میں مرحوم کا درس اخلاق ہی نہیں بلکہ ان کی زندگی کی رفتار بھی زہد وتقوی کے لئے نمونہ عمل تھی۔

میں اس عالم ربانی کے فقدان پر علماء اعلام ، مراجع عظام اور تمام طلاب بالخصوص مرحوم کے شاگردوں کو تعزیت پیش کرتا ہوں اور خداوند متعال کی بارگاہ سے مرحوم کے لئے رحمت و مغفرت طلب کرتاہوں۔

سید علی خامنہ ای

19/تیر/1387